ادارہ برائے مریضان گردہ، پاکستان

فیسٹولا (Fistula)

گردے کے مریض کوڈاکٹر کے مشورہ سے بروقت فیسٹولا بنانالازمی ہے تاکہ بوقت ضرورت اسے ڈائیلیسس کے لئے استعمال کیاجاسکے ۔فیسٹولا بنانے کے لئے مریض کوایک چھوٹے آپریشن میں بازوپر شریان(Artry) اورنس (Vein) کوآپس میں جوڑ دیاجاتا ہےاور اس کوڈائیلیسس کے قابل ہونے کے لیےایک سے تین ماہ لگ سکتے ہیں۔فیسٹولا کی دیکھ بھال انتہائی ضروری ہے۔اس کو'life line' بھی کہتے ہیں یعنی "زندگی کی لائن"۔فیسٹولا کی نگہداشت کے سلسلے میں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

☆ فیسٹولا کے ایریا کوصابن اور پانی سے دھوئیں خاص کرڈائیلیسس سے پہلے۔

☆ فیسٹولا کی جگہ پردرد تونہیں اوراس کی رنگت عام جلد جیسی ہے۔

☆ اس بازوپر ٹیکہ نہ لگایاجائے اورنہ ہی اس بازوسے خون لیاجائے۔

☆ روزانہ دیکھاجائے کہ فیسٹولاٹھیک کام کررہاہے۔

☆ جس بازوپرفیسٹولاہواس سے وزن نہ اٹھایاجائے۔

☆ اس بازوسے بلڈ پریشرنہ دیکھا جائے۔

☆ اس سے پانی وغیرہ تونہیں رستا۔

☆ خیال رکھیں اس پرچوٹ نہ آئے۔

☆ اس بازوپرگھڑی نہ باندھی جائے۔

☆ اس پردباؤنہ ڈالاجائے۔

☆ اس بازوپرسویانہ جائے۔



Pakistan Kidney Patients Association
Together we Endure